RAMPUR GOVT GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

جلد ۴	روز دوشنبہ تاریخ ۲۴ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء مطابق ۲ ربیع الثانی سنہ ۱۳۱۰ھ	نمبر ۴۲

حکم اجلاس کامل واقع ۱۱ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

مصدرہ یادداشت قائم مقام رجسٹرار صدر بطلب ہدایت نسبت زادراہ اہلکار تصدیق کنندہ دستاویزات بہ مسکن مقران

آج یہ مثل کونسل میں پیش ہوکر بالاتفاق تجویز ہوا کہ جب افسر معینہ رجسٹری یا اہلکار رجسٹری مسکن مقر پر واسطے رجسٹری دستاویز کے جاوے تو فیس زادراہ حسب شرح معینہ قانون رجسٹری وصول ہوکر نصف سیاہہ سرکار ہوگی اور نصف اوس افسر رجسٹری یا اہلکار رجسٹری کو

فہرست مضامین

بطور زادراہ ملیگی لیکن شرط یہ ہے کہ ایسی حالت مین سواری سرکاری نہ بیجاویگی۔ مثل باجلاس صاحب انچارج جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہوا اور یہ حکم درج گزٹ ہو۔

اور اگر کوئی افسر یا اہلکار سرکاری سواری پر جائیگا اس صورت مین کل فیس سپاہیان سرکار ہوگی۔

حکم صاحب جوڈیشل انچارج

حسب منشاء حکم اجلاس کامل احکام ضابطہ جاری ہون۔

۱۵ / اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

روبکار اجلاس صاحب پریزیڈنٹ بہادر واقع ۱۵ / اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

حسب حصول روبکار صاحب چیف انجنیر بہادر دو روپیہ ماہوار اضافہ تنخواہ و منتقلی کل تنخواہ معز اللہ خان داروغہ گہاٹ باگی گیکی اور تنخواہ نامبردہ برکار ملازمان مستقل تعمیرات مین درج ہوا کرے گی بنابران۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا حسب صراحت بالا درج گزٹ ہو۔

حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر متعلقہ رپورٹ عدالت فوجداری دربارہ گمشدگی مسماۃ ہلیا زوجہ جسا گدی ساکن موضع سدھ کہیڑہ تہانہ بلاسپور

حلیہ درج گزٹ کیا جاوے سررشتہ دار صاحب صدر تعمیل کرادین۔

۱۵ / اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

حلیہ

مسماۃ ہلیا گندم رنگ چپٹی ناک میش چشم گول چہرہ فراخ پیشانی کشادہ ابرو اوسط قد اوسط اندام پائجامہ چھینٹ سرخ کورتی چھینٹ پہنے ہوئے دوپٹہ چھپا ہوا گاڑہ کا اوڑھے ہوئے پیرون مین کڑے کانسی کانون مین بالیان نقرہ ایست ۲۱ برس کی پہنے ہوئے۔

حکم صاحب جوڈیشل انچارج

بمقدمہ رخصت حاکم عدالت خفیفہ

رخصت ایک ہفتہ منظور کی جاتی ہے۔ ٹھیکا سبجز انفصال مقدمات و تحریر شہادت وغیرہ وغیرہ کار ہائے قانونی معمولی کام کیا کرینگے۔

احکام ضابطہ جاری ہون۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۱۵ / اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

جو دیہات کہ نہایت سنہ ۱۳۰۰ فصلی ٹہیکہ مین اونکا انتظام بعد ترتیب نقشہ دو سالہ وغیرہ جلد ہوجانا مناسب ہے مگر ہنوز تحصیلداران کے پاس سے نہ کوئی فہرست اجلاس مین آئی اور نہ نقشہ جات دو سالہ درج ہے

حکم ہوا کہ

تحصیلداران فہرست دیہات بندوبست طلب سنہ ۱۳۰۰ فصلی جلد بھیجین اور نقشہ جات دو سالہ آخر اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء اور روانہ کرین رسالدار صدر اور دو اصلاع تو پس صدر دیہات مذکور سے مطلع ہو کر تعمیل کرین اور روبکار درج گزٹ ہو۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۵ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

واحد علی پیشکار دوم حضور تحصیل نے بقایا اشتمالہ وغیرہ و دیگر [illegible] داخل خارج میں بہت کوشش کی چونکہ اونکو صرف [illegible] روپیہ تنخواہ ملتی ہے یکم اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء سے [illegible] روپیہ کیا جاوے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۷ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

آج رپورٹ تحصیلدار بلاسپور باستفسار اینمعنی کہ بعض چوکیداران نے [illegible] وغیرہ کا اپنے صرف میں کر لیا ہے نسبت [illegible] وصول شدہ کو ہدایت فرمائی جاوے اور نسبت ترسیل توزیع چوکیداران بعد دریافت از [illegible] صدر ہی تجویز ہو جاوے [illegible] ملاحظہ ہوئی نسبت خورد برد چوکیداران کے مالگذاران کو چاہیے کہ جسقدر تصرف چوکیداران نے کیا ہے وہ چوکیداران سے وصول کر لیں آیندہ اونکا جو حق وصول نہیں ہوا ہے وہ وصول کر لیں چوکیداران کو جو کچھ مقرر ہوگا وہ اپنا [illegible] پیش کرینگے اور جو حکم مناسب ہے یا جاوے اور نسبت ترسیل توزیع تحصیلداران کو چاہیے کہ [illegible] توزیعات بہ توزیع ہی بھیجا کریں۔

حکم ہوا کہ

نقل روبکار بغرض تعمیل موافق مضمون بالا بیں تحصیلداران و [illegible] بعد مرسل ہو اور ایک نقل مطبع کو بغرض اندراج گزٹ بھیجی جاوے فقط

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

رخصت

حسب درخواست عبد القادر خان علاقہ دار آبپاشی حضور تحصیل بوجہ روانگی بمقام میلہ [illegible] واسطے خرید دو اسپ برائے سواری کار سرکار علاوہ تعطیل دیوالی رخصت سات یوم منظور ہوئی۔

حکم ہوا کہ

حسب ضابطہ احکام جاری ہوں۔

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر واقع ۱۵ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

مقدمات قتل اور مقدمات مضروبی اجلاس کونسل تک آتے ہیں نقشہ معاینہ مقتول یا مضروب بخط اردو ہوتا ہے مناسب ہے کہ آیندہ بابو سیول سرجن جب کسی نعش کا یا کسی مضروب کا ملاحظہ کریں اور نقشہ معاینہ بھیجیں تو ہمیشہ اردو نقشے کے ساتھ انگریزی نقشہ بھی ضرور شامل کیا کریں جس سے کونسل کو ملاحظہ کے وقت آسانی ہو۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل اس روبکار کی ہدایتاً پاس بابو سیول سرجن کے بھیجی جاوے اور ایک نقل واسطے گزٹ ہو۔

مطبوعہ ۲۳ر اکتوبر ۱۸۹۲ء [illegible]

حکم صاحب سکرٹری بہادر کونسل - واقع ۱۱ر اکتوبر ۱۸۹۲ء

روئداد منظور ہے ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور منعقدہ ۹ر اکتوبر ۱۸۹۲ء

جناب صاحبزادہ محمد حمید الظفر خانصاحب بہادر سکرٹری کونسل صدر نشین کمیٹی

منشی نند کشور صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ ضلع سکریٹری کمیٹی

اسمائے ممبران جلسہ

ملازمین

۱- حافظ احمد علیخان صاحب شوق منصرم نزول
۲- منشی صادق حسین صاحب میونسپل انجنیر
۳- پنڈت ڈھری لال صاحب بخشی فوج
۴- چوبے رگھناتھ پرشاد صاحب ڈپٹی انسپکٹر مدارس
۵- پنڈت رام دیال صاحب ڈاکٹر فوج
۶- پنڈت شہرادت صاحب مدرس مدرسہ انگریزی
۷- مولوی محمد یعقوب علیخانصاحب وکیل سرکار

غیر ملازمین

۱- صاحبزادہ علی مظفر خانصاحب۔	ممبر
۲- پنڈت رام دت صاحب	ممبر
۳- لالہ گوپال داس صاحب	ممبر
۴- مرزا محمد حسن صاحب	ممبر
۵- منشی عبداللہ صاحب	ممبر
۶- لالہ گنپتی لال صاحب	ممبر
۷- لالہ بلدیو داس صاحب	ممبر
۸- لالہ دیندیال صاحب	ممبر
۹- محمد نبی خانصاحب مستاجر	ممبر
۱۰- جہانگیر صاحب مستاجر	ممبر
۱۱- حافظ مستقیم صاحب وکیل	ممبر
۱۲- مولوی عبدالصمد صاحب وکیل	ممبر
۱۳- مولوی عبدالمجید خانصاحب وکیل	ممبر
۱۴- لالہ بلدیو داس صاحب ثانی مستاجر	ممبر
۱۵- یار اللہ خانصاحب مستاجر	ممبر
۱۶- میر بہادر علیصاحب وکیل	ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱- رپورٹ گرداور صفائی دربارہ انتظام صفائی نالی پختہ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ دوسقہ اور دو بہنگی واسطے صفائی نالی سڑک کے پختہ کے جدید ملازم رکھے جاوین۔ جناب صاحب صدرنشین نے بھی تجویز ہذا کو منظور فرمایا۔
۲- عرضی بھاڑداران اہنڈوبری بیرون مع کیفیت میونسپل انجنیر دربارہ درستی نالہ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ [illegible] کا تخمینہ اس کام کیلئے صاحب میونسپل انجنیر نے مرتب کر کے پیش کیا ہو متی ذا اگر یہ شکایت رفع کرنا منظور ہے لہذا [illegible] کا تخمینہ منظور ہے جاری کی پانی کا بہاؤ [illegible] دیا جاوے جناب صاحب صدرنشین کمیٹی نے بھی اس تجویز کو منظور فرمایا۔
۳- روبکار کمیٹی مع درخواست منصرم صاحب کتب خانہ دربارہ نصب یک عدد لالٹین بہ محلہ لال بہاری۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اس محلہ لال بہاری مین ایک لالٹین کی منظوری منصرم صاحب کتب خانہ کی درخواست پر ہو گئی ہے اور لالٹین ہنوز نصب نہین ہوئی ہے کہ منصرم صاحب اس محلہ سے اوٹھکر اور کسی محلہ مین چلے گئے۔ لہذا یہ کاغذات داخلدفتر ہون جناب صاحب صدرنشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو پسند فرمایا۔
۴- عرضی نجم الغنی خان بدرخواست اندراج نام خود بزمرہ ممبران تجویز۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جب ممبر منتخب ہون اوسوقت اس درخواست پر بھی لحاظ کیا جاوے جناب صاحب صدرنشین کمیٹی نے تجویز ہذا کو منظور فرمایا۔
۵- نوٹ صاحب میونسپل انجنیر دربارہ بحث وغیرہ ممبران شعر چہار دفعات۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ چونکہ ابھی قواعد جاری نہین ہوئے اسلئے ابھی ایسی امور پر بحث مناسب نہین ہے داخلدفتر ہو۔ جناب صاحب صدرنشین کمیٹی نے بھی منظور فرمایا۔
۶- عرضی بشیر خان بدرخواست قائمی بہشتی چوکیہ بہ محلہ چاہ شور مع رضامندی اہل محلہ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ سائل جسجگہ بہشتی قائم کرنا چاہتا ہے وہ آبادی کی ایسی جگہ اجازت نہین ہو سکتی نامنظور ہو کاغذات داخلدفتر ہون جناب صاحب صدرنشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو منظور و پسند فرمایا۔
۷- عرضی عنایت اللہ خان وغیرہ ٹھیکہ داران روشنی دربارہ ٹھیکہ شکستگی چمنی وغیرہ بجمیع	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ نقشہ مقدار بابتہ سنہ حال جو مرتب ہوا ہے اوسکے ملاحظہ سے واضح ہوتا ہے کہ سوست وست سال کا خرچ بڑا ہی سائلان کی درخواست زیادہ ہے اگر اوسط کے موافق درخواست

[illegible] سامان۔	دین تو آئندہ کمیٹی میں پیش ہو جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو منظور و پسند فرمایا۔
۸ — عرضی بیوہ امانت خان سانٹ مار بدرخواست جوئت دلوا دینے بنی مکان۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اس قسم کی امداد میونسپل بورڈ سے کبھی نہیں ہوتی ہے لہذا داخل دفتر ہو جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو پسند فرمایا۔
۹ — عرضی بدھ سید اس بدرخواست نصب ایک لالٹین در باغیچہ [illegible]۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ روشنی مساجد کا خرچ مصرف خیر سے ہوتا ہے ایسے مقامات پر لالٹین نصب کرنے کی کوئی مد نہیں ہے لہذا داخل دفتر ہو جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو منظور و پسند فرمایا۔
۱۰ — کیفیت صفائی ظہری روبکار کمیٹی دربارہ تبدیلی مہرہ ہائے [illegible] لالٹین روشنی تعدادی [illegible] عدد معہ تخمینہ رقمی [illegible] روپے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ نرخ مہرہ جناب صاحب سکریٹری بہادر کونسل نے طے فرما دیا ہے لہذا میونسپلٹی کی جانب سے خرید کر دیجاویں جناب صاحب صدر نشین نے بھی تجویز ہذا کو منظور فرمایا۔
۱۱ — عرضی میوارام وغیرہ متعینہ محکمہ صفائی دربارہ علیحدگی دکان قصاب از محلہ [illegible] عثمان خان باظہار امر جدید۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ گرداور صفائی جناب صاحب سکریٹری بہادر کونسل کو اس موقع کا ملاحظہ کرادیں بعد ملاحظہ حکم صادر ہوگا جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو منظور فرمایا۔
۱۲ — پرچہ اخبار معہ کیفیت صفائی دربارہ آبادی مکان بدھو خان ٹھیکیدار [illegible] محلہ تھانہ [illegible] شدہ۔	بدھو خان جو کمیٹی میں موجود تھے بیان کیا کہ میں اپنا مکان ہموار رہا ہوں اور یہ بھی معلوم ہوا کہ [illegible] بھی آئے ہوئے ہیں لہذا بالاتفاق تجویز ہوئی کہ [illegible] درستی و آبادی مکان کے [illegible] کیجاوے یا وہ مکان اپنا فروخت کریں جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو منظور و پسند فرمایا
۱۳ — یادداشت مرزا [illegible] حسن صاحب ممبر بورڈ دربارہ طلب [illegible] سپاہی ہنگام معائنہ ادویہ [illegible]۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ بوقت [illegible] مرزا صاحب سپاہی طلب کیا کریں گرداور صاحب فوراً [illegible] کر دیا کریں جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو منظور فرمایا۔

۱۴ — عرضی حافظ شمس الدین دکاندار بذریعہ بلا ظفر بدرخواست اندراختگی تختہ پیش دکان۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ تختہ دکانات کے آگے ڈالنے سے رستہ تنگ ہوتا ہے اور نالی کی صفائی بخوبی نہیں ہوتی لہذا درخواست سائل نامنظور۔ جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو منظور فرمایا۔
۱۵ — مثل تیاری کوڑہ گاڑی وغیرہ متعلقہ ریکارڈ صاحب سکریٹری بہادر کونسل دربارہ وصول قیمت مادہ [illegible] از ٹھیکہ دار منجملہ کل قیمت تیاری گاڑیان بوجہ خرابی کام۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ رائے صاحب سکریٹری بہادر کونسل کی نہایت مناسب ہے ٹھیکہ دار سے [illegible] بوجہ کام خراب بنانے کے وصول کر لیا جاوے جناب صاحب صدر نشین کمیٹی کی رائے بہت درست ہے الہ آباد کے نمونے کے موافق گاڑیان تیار نہیں ہوئیں۔
۱۶ — درخواست ٹھیکہ دار تیاری سڑک [illegible] مین خلاصہ کہ مکانات سرکاری یا مساجد و زیارات مین جو سڑک لگائی جاویگی اوسکی قیمت سرکار سے دی جاوے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ املاک وقف جو ملکیت کسی ایک شخص کی نہین ہے اوسکی قیمت میونسپلٹی سے دی جاوے باقی کل کی قیمت مالکان سے وصول کیجاوے جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو منظور فرمایا۔
۱۷ — دستور العمل میونسپل بورڈ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ ایک ایک دن کے لیے جملہ ممبرون کے پاس دستور العمل ہذا گشت کرا دیا جاوے تاکہ بعد معائنہ اپنی رائے لکھین کہ یہ دستور العمل قابل نفاذ ہے یا نہین جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو منظور فرمایا۔
۱۸ — مثل مقدمہ علیحدگی ڈاکٹر سید عبد اسد صاحب از انتظام مذبوحی رمضان۔	ملاحظہ ہوا۔
۱۹ — روئداد سب کمیٹی میونسپل بورڈ دربارہ تقسیم حلقہ جات برائے نگرانی ممبران بورڈ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جلسۂ آئندہ مین پیش ہو جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو منظور فرمایا۔

ضمیمہ سرکاری گزٹ رامپور نمبر ۴۲ جلد
مطبوعہ ۲۴ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۸ لغایت ۲۴ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

نام تحصیل	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہنود	عورت مسلمان	عورت ہنود	میزان	تفصیل مسلمان	تفصیل ہنود	تفصیل فوتی: ایک سال تک مرد	ایک سال تک عورت	پانچ سال سے ۱۲ تک مرد	پانچ سال سے ۱۲ تک عورت	۱۲ سے زیادہ مرد	۱۲ سے زیادہ عورت	میزان مرد	میزان عورت	تفصیل مسلمان	تفصیل ہنود	تفصیل امراض					کیفیت
شہر	۲۹	۹	۱۸	۵	۶۱	۴۷	۱۴	۲۹	۲۲	۳	۲	۱۸	۱۲	۳۶	۲۱	۴۷	۶۱	۹	۰	۰	۸۲	۵۵	
حضور تحصیل	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
شاہ آباد	۵	۱۸	۶	۰	۲۷	۱۲	۳۵	۲۴	۱۶	۷	۹	۳۴	۲۲	۴۵	۴۴	۲۲	۵۶	۴۴	۰	۷	۹۰	۱۰۷	
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۱	۰	۰	۰	//
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
ٹانڈہ	۵	۵	۲	۹	۲۳	۹	۱۴	۲	۸	۰	۱	۶۰	۴	۸	۱۶	۱۳	۱۱	۱۳	۰	۰	۱۱	۳۴	
میزان	۴۱	۳۲	۴۷	۳۱	۱۳۱	۹۸	۴۳	۵۲	۵۰	۱۰	۱۰	۵۹	۴۱	۱۲۰	۱۰۱	۱۰۲	۱۱۹	۴۱	۰	۷	۱۸۳	۲۲۰	

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۸ لغایت ۲۴ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲ ار	۱۳ ار	۱۳ ار	۱۳ ار	۰	۰	بلاسپور و ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۵ ار	۱۸ ار	۱۸ ار	۱۷ ار	۰	۰	
نخود و غلہ آمیز	۱۹ ار	۱۹	۲۰ ار	۱۸ ار	۰	۰	
[illegible]	۲۰ ار	۰	۲۱ ار	۱۹ ار	۰	۰	
ماش	۱۵ ار	۱۶ ار	۱۵ ار	۱۷ ار	۰	۰	
مونگ	۱۴ ار	۱۴ ار	۱۳ ار	۱۳ ار	۰	۰	
مکا	۲۱ ار	۲۲ ار	۲۲ ار	۲۲ ار	۰	۰	
[illegible]	۲۳ ار	۱۹ ار	۲۲ ار	۲۲ ار	۰	۰	
[illegible]	۲۱ ار	۱۵ ار	۱۸ ار	۲۰ ار	۰	۰	
عدس	۱۹ ار	۱۸ ار	۲۰ ار	۱۸ ار	۰	۰	
ارہر	۲۱ ار	۰	۲۰ ار	۲۲ ار	۰	۰	
برنج	۱۱ ار	۱۳ ار	۱۳ ار	۰	۰	۰	
روغن زرد	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۱ ار	۰	۰	
روغن سیاہ	۳ ار	۲ ار	۳ ار	۲ ار	۰	۰	
روغن [illegible]	۰	۱ ار	۱ ار	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	۸ ار	۹ ار	۹ ار	۹ ار	۰	۰	
نمک لاہوری	۰	۸ ار	۷ ار	۸ ار	۰	۰	
قند سیاہ	۹ ار	۹ ار	۹ ار	۷ ار	۰	۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور